[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

**BILL**

further to amend the Employment of Children Act, 1991 *in its application to Islamabad Capital Territory;*

WHEREAS it is expedient further to amend the Employment of Children Act, 1991 (No. V of 1991) in its application to the Islamabad Capital Territory, for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**- (1) This Act may be called the Employment of Children (Amendment) Act, 2022.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of long title, Act V of 1991.**- In the Employment of Children Act, 1991 (No. V of 1991), hereinafter referred to as the said Act, in long title:

(i) the words "in certain occupations" shall be omitted, and
(ii) for the word "children", the word "adolescents" shall be substituted.

3. **Amendment of section 1, Act V of 1991.**- In the said Act, in section (1), in sub-section (1), before the word " Employment", the words " Prohibition of" shall be inserted.

4. **Amendment of section 2, Act V of 1991.**- In the said Act, in section 2, in paragraph (xii), for the word " Thursday", the word " Saturday" shall be substituted.

5. **Amendment in the heading of PART II, Act V of 1991.**- In the said Act, in the heading of PART II, for the words " IN CERTAIN OCCUPATIONS AND PROCESSES", the words " AND REGULATION OF EMPLOYMENT OF ADOLESCENTS" shall be substituted.

6. **Amendment of section 3, Act V of 1991.**- In the said Act, for section 3, the following shall be substituted namely:-

> "**3.** Prohibition on Employment of Children.- No child shall be employed or permitted to work".

7. **Amendment of section 3A, Act V of 1991.**- In the said Act, after section 3, the following new section shall be added namely:-

> "**3A.** Conditions for employment of adolescents.- No adolescent shall be employment or permitted to work in any of the occupations set forth in Part I of the Schedule or in any workshop wherein any of the process set forth in Part II of that Schedule is carried on:
>
> Provided that nothing in this section shall apply to any establishment wherein such process is carried on by the occupier with the help of his family or to any school established, assisted or recognized by Government."

8. **Amendment in the heading of PART III, Act V of 1991.**- In the said Act, in the heading of PART III, for the words " CHILDREN", the words " ADOLESCENTS" shall be substituted.

9. **Amendment of section 6, Act V of 1991.**- In the said Act, in section 6, for the expression "section 3", the expression" section 3A" shall be substituted.

**10. Amendment in section 7, Act V of 1991.**- In the said Act, in section 7, for the word " child", the word " adolescent" shall be substituted.

**11. Amendment in section 8, Act V of 1991.**- In the said Act, in section 8, for the word " child", the word " adolescent" shall be substituted.

**12. Amendment in section 9, Act V of 1991.**- In the said Act, in section 9,

i. in sub-section (1) for the word " child", the word " adolescent" shall be substituted.

ii. in sub-section (2) for the word " child", the word " adolescent" shall be substituted.

**13. Amendment in section 10, Act V of 1991.**- In the said Act, for the word " child", the word " adolescent" shall be substituted.

**14. Amendment in section 11, Act V of 1991.**- In the said Act, in section 9 the following shall be amended, namely:-

(i) for the word " children", the word " adolescents" shall be substituted.

(ii) for the word " child" occuring anywhere, the word " adolescent" shall be substituted.

**15. Amendment in section 12, Act V of 1991.**- In the said Act, in section 12, after expression "section 3"the expression "section 3A" shall be inserted.

**16. Amendment in section 13, Act V of 1991.**- In the said Act, in section 13, in sub-section (1), for the word "children", for the words " adolescents" shall be substituted.

**17. Amendment in section 14, Act V of 1991.**- In the said Act, in section 14,-

(i) in sub-section (1) for the word " child", the word " adolescent" shall be substituted.

(ii) in sub-section (2) for the word " twenty thousand", the word " two hundred thousand" shall be substituted.

(iii) in sub-section (3) for the words " ten thousand", the words " fifty thousand" shall be substituted.

**18. Amendment in section 16 Act V of 1991.**- In the said Act, in section 16, after the word "child", occuring twice, the words " adolescent" shall be inserted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Intent behind the Employment of Children Act, 1991 was not to promote child labour, instead prohibit the employment of children. But, the title of the legislation produces meaning otherwise and provisions are contradicting each other. This amendment Bill therefore proposes change of title of the Act to fix lacunae in the existing law.

2. This Bill, therefore, seeks to achieve the aforementioned objectives.

**Sd/-**

**MR. KESOO MAL KHEAL DAS,**
**Member, National Assembly.**

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ پر اطلاق کے حوالے سے ملازمت بچگان ایکٹ، ۱۹۹۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ پر اطلاق کے حوالے سے ملازمت بچگان ایکٹ، ۱۹۹۱ء (نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا ملازمت بچگان (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۲ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء میں طویل عنوان کی ترمیم:** ملازمت بچگان ایکٹ، ۱۹۹۱ء (نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء) میں، جس کا بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، طویل عنوان میں:

i. الفاظ "بعض پیشوں میں" حذف کر دیئے جائیں گے؛ اور

ii. لفظ "بچوں" کو لفظ "نوعمر" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء میں دفعہ ۱ کی ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ (۱) میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، لفظ "ملازمت" سے قبل الفاظ "کی ممانعت" شامل کر دیئے جائیں گے۔

۴۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء میں دفعہ ۲ کی ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ (۲) میں، پیرا (xii) میں، لفظ "جمعرات" کو لفظ "ہفتہ" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۵۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء، حصہ دوم کے عنوان میں ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، حصہ دوم کے عنوان میں، الفاظ "بعض پیشوں اور سرگرمیوں میں" کو الفاظ "اور نوعمر افراد کی ملازمت کا انضباط" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۶۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء میں دفعہ ۳ کی ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۳ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۳۔ **بچگان کی ملازمت کی ممانعت۔** کسی بچے کو ملازمت نہیں دی جائے گی اور نہ ہی کام کرنے کی اجازت دی جائے گی۔"

۷۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء میں دفعہ ۳ کی ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۳ کے بعد حسب ذیل نئی دفعہ شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"۳۔الف۔ **نوعمر افراد کی ملازمت کی شرائط۔** کسی بھی نوعمر فرد کو جدول کے حصہ اول میں دیئے گئے پیشوں یا کسی ورکشاپ جہاں جدول کے حصہ دوم میں دی گئی سرگرمیوں میں سے کوئی سرگرمی عمل میں لائی جاتی ہے، میں ملازمت نہیں دی جائے گی اور نہ ہی کام کرنے کی اجازت دی جائے گی:

مگر شرط یہ ہے کہ اس حکم میں مذکور کسی حکم کا اطلاق کسی ایسے اقامتی مقام پر نہیں ہوگا جس میں مکین باشندہ اپنے اہل خانہ کی مدد سے ایسی سرگرمی انجام دے رہا ہو یا کسی ایسے اسکول پر اطلاق نہیں ہوگا جو حکومت نے قائم کیا ہو، اس کی معاونت کر رہی ہو یا تسلیم کیا ہو۔"

۸۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء میں حصہ سوم کے عنوان میں ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، حصہ سوم کے عنوان میں، لفظ "بچگان" کو لفظ "نوعمر" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۹۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء میں دفعہ ۶ کی ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۶ میں، لفظ اور ہندسہ "دفعہ ۳" کو لفظ اور ہندسہ "دفعہ ۳۔الف" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۰۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء میں دفعہ ۷ میں ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۷ میں، لفظ "بچہ" کو لفظ "نوعمر" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۱۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء میں دفعہ ۸ میں ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ میں، لفظ "بچہ" کو لفظ "نوعمر" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۲۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء میں دفعہ ۹ میں ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۹ میں،

i. ذیلی دفعہ (۱) میں، لفظ "بچہ" کو لفظ "نوعمر" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

ii. ذیلی دفعہ (۲) میں، لفظ "بچہ" کو لفظ "نوعمر" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۳۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء میں دفعہ ۱۰ میں ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۰ میں، لفظ "بچہ" کو لفظ "نوعمر" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۴۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء میں دفعہ ۱۱ میں ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۱ میں، حسب ذیل ترمیم کر دی جائے گی، یعنی:۔

i. ذیلی دفعہ (۱) میں، لفظ "بچگان" کو لفظ "نوعمر" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

ii. ذیلی دفعہ (۲) میں، لفظ "بچہ" جہاں پر بھی آرہا ہو، کو لفظ "نوعمر" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۵۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء میں دفعہ ۱۲ میں ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۲ میں، لفظ اور ہندسہ "دفعہ ۳" کو لفظ اور ہندسہ "دفعہ ۳/الف" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۶۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء میں دفعہ ۱۳ میں ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۳ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، لفظ "بچگان" کو لفظ "نوعمر" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۷۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء میں دفعہ ۱۴ میں ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۴ میں،

i. ذیلی دفعہ (۱) میں، لفظ "بچہ" کو لفظ "نوعمر" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

ii. ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ "بیس ہزار" کو الفاظ "دو سو ہزار" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

iii. ذیلی دفعہ (۳) میں، الفاظ "دس ہزار" کو الفاظ "پچاس ہزار" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۸۔ **ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۹۱ء میں دفعہ ۱۶ میں ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۶ میں، دو مرتبہ آنے والے لفظ "بچہ" کے بعد لفظ "نوعمر" شامل کر دیا جائے گا۔

## بیان اغراض و وجوہ

ملازمت بچگان ایکٹ، ۱۹۹۱ء کا مقصد بچوں کی مزدوری کو فروغ دینا تھا نہیں بلکہ بچوں کی ملازمت پر پابندی لگانا تھا۔ مگر اس قانون سازی کے عنوان سے اور معنی اخذ ہوتے ہیں اور اس کی تصریحات ایک دوسرے سے متصادم ہیں۔ لہٰذا یہ ترمیمی بل ایکٹ کے عنوان کی تبدیلی کی تجویز پیش کرتا ہے تاکہ مذکورہ قانون میں موجود کمی اور خلا کو پورا کیا جاسکے۔

۲۔ لہٰذا اس بل کا مدعا حسب بالا مقاصد کا حصول ہے۔

دستخط/۔
جناب کیسو مل کھیل داس،
رکن، قومی اسمبلی۔